Adopted unanimously.
06/08/2021
12:05 P.M

Passed Notice No. 1456.

مذمتی قرارداد

منجانب: جناب روی کمار صاحب، ایم پی اے

جناب سپیکر صاحب

بھونگ شریف صادق آباد رحیم یار خان میں 4 اگست 2021 کو ایک دل افسوز واقعہ پیش آیا جس میں کچھ شرپسند عناصر کی طرف سے گنیش مندر کو نہ صرف توڑا گیا بلکہ مکمل جلاؤ گھراؤ کیا اور عمارت کو شدید نقصان پہنچایا گیا۔ اس واقعے سے پاکستان میں تمام ہندوؤں برادری کی دل آزاری ہوئی ہے۔

یہ اسمبلی اس کی پرزور مزمت کرتی ہے۔ اسلام ایک امن پسند دین ہے اور مذہب اسلام میں اس قسم کے عوامل کی کوئی گنجائش نہیں۔ پاکستان مذہبی اقلیتوں کے لئے پرامن ملک ہے اس قسم کے شرپسند عناصر ہندو مسلم بھائی چارے کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرتے آئے ہیں۔ پر ایسا ممکن نہیں کیونکہ صدیوں سے اس خطے میں دونوں مذاہب کا بہت گہرا تعلق ہے جو محبت، رواداری اور مساوات پر مبنی ہے۔

لہذا یہ اسمبلی صوبائی اور مرکزی حکومت سے پرزور مطالبہ کرتی ہے کہ ایسے عناصر کو آئین پاکستان کے تحت کڑی سے کڑی اور عبرت ناک سزا دی جائے اور قانون کے تابع لایا جائے تاکہ اس قسم کے واقعات کی روک تھام کی جا سکے۔

پاکسان ہم سب کا ملک ہے اور اسے ہم تمام مذاہب کو خوبصورت گلدستے کی طرح سجا کر رکھنا ہے۔ پاکستان زندہ باد۔

(1) روی کمار، ایم پی اے

(2) شوکت یوسفزئی صاحب

(3) SACM 06/08/21

RESOLUTION

Session No. 20th

Notice No. 1456

Received Time: 12:15

Received Date 6/8/2021

From Mr. / Ms. روی,MPA

Receiver Sign: